# نیو یارک اسٹیٹ نیوبورن اسکریننگ پیشنٹ رجسٹری (New York State Newborn Screening Patient Registry)

## روشن مستقبل کے لیے اپنے تجربے سے سیکھنا



کیونکہ آپ کا بچہ نیو یارک اسٹیٹ نیوبورن اسکریننگ پیشنٹ رجسٹری میں حصہ لے رہا ہے (New York State Newborn Screening Patient Registry):

- نگہداشت صحت فراہم کنندگان نیوبورن اسکریننگ پینل پر بیماریوں اور بہترین علاج کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
- نگہداشت صحت فراہم کنندگان کو اپنی کلینک میں علاج کے مقابلے میں مریضوں کے ایک بڑے گروپ کے لیے معلومات تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔
- نیو یارک اسٹیٹ میں نیوبورن اسکریننگ میں بہتری لائی جا سکتی ہے!

### یاد دہانی

آپ کے بچے کا 18 سال کی عمر تک اندراج کیا جائے گا۔ جب وہ 18 سال کا ہو جائے گا تو، ہم اس سے 21 سال کی عمر تک رجسٹری جاری رکھنے کی اجازت طلب کریں گے۔

آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم کسی بھی وقت آپ کے بچے کے بارے میں معلومات اکٹھا کرنا بند کر دیں۔ آپ کی درخواست موصول ہونے کی تاریخ سے معلومات اکٹھا نہیں کی جائیں گی۔

آپ اپنے بچے کو پروجیکٹ سے نکال بھی سکتے ہیں۔ اکٹھا کی گئی معلومات کو رجسٹری سے ہٹا دیا جائے گا اور مزید معلومات اکٹھا نہیں کی جائیں گی۔


تحریری درخواستیں اس پتے پر ڈاک سے بھیجی یا فیکس کی جانی چاہئیں:

Sarah Bradley, MS, CGC
نیو بورن اسکریننگ پروگرام
Wadsworth Center
نیو یارک اسٹیٹ محکمہ صحت
120 New Scotland Avenue
Albany, NY 12208

فیکس: (518) 474-0405